فوری ریلیز کے لیے: 14/12/2022 گورنر *KATHY HOCHUL*

گورنر HOCHUL کا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے حصے کے طور پر ٹرائے کے لیے 10$ ملین لاگت کے 11 تبدل و تغیر کے پروجیکٹس کا اعلان

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے گیارہ پروجیکٹس اس کی متحرک ثقافت اور فنی منظر، اسے پیدل چلنے کے قابل بنانے اور ربط سازی، رہائشی مواقع، اور کمیونٹی سروسز کو فروغ دیں گے

پروجیکٹس کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج 10 $ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کی اقدامی تفویض کے حصے کے طور پر ٹرائے شہر میں تبدل و تغیر کے 11 پروجیکٹس کا اعلان کیا ہے۔ یہ تفویضات شہر کے متحرک فنون اور ثقافتی منظر کو فروغ دیں گی، اسے پیدل چلنے کے مزید قابل بنائیں گی، بہتر رہائشی مواقع دستیاب بنائیں گی، اور کمیونٹی سروسز کو توسیع دیں گی۔

"متحرک ڈاؤن ٹاؤنز میں سرمایہ کاری سے کمیونٹیز کی ترقی میں مدد ملتی ہے، اور ٹرائے میں ہمارا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ہمارے مقامی شراکت داران کو کامیاب ہونے کے لیے درکار وسائل کے ساتھ مربوط کرے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ فنڈنگ نہ صرف ٹرائے میں مقیم اور وہاں ملازمت اختیار کرنے والے افراد کے لیے معیار زندگی کو بہتر بنائے گی، بلکہ اس بات کو بھی یقینی بنائے گی کہ مذکورہ کمیونٹی آئندہ کئی دہائیوں کے لیے دارالحکومتی علاقے میں اعلیٰ اہمیت کی حامل رہے۔"

ٹرائے ڈاؤن ٹاؤن کے مرکز میں، پختہ اور چلنے کے قابل دریا کنارے گزرگاہ کے DRI ڈسٹرکٹ میں شہری فنون، ثقافت، اور تفریحی اثاثوں کا ایک بڑا حصہ شامل ہے، ساتھ ہی اس میں دریا کنارے کا ڈیڑھ میل سے زائد حصہ بھی شامل ہے۔ یہ DRI تفویض ٹرائے شہر کو ابتدائی سرمایہ کاری، دریا کنارے ڈسٹرکٹ کی اصل خوبصورتی اور خود کفیل ہونے کے جذبے کی بنیاد پر قیام پانے کا موقع دے گی، اور رہائشیوں، سیاحوں منتظمین کی بڑھتی ہوئی تعداد کو دریا کنارے گزرگاہ کے ڈسٹرکٹ کو اختراع و صلاحیت کے علاقائی مرکز میں تبدیل کرنے میں مدد دے گی، اور ایسا بڑے عوامی مقامات کے قیام، چھوٹے کاروباری اداروں، اور فنون اور تفریحی مقامات کو ترقی دینے کے ذریعے ممکن بنایا جائے گا۔ تاریخ عمارات اور نئی لچک پذیر جگہیں رہائش، آگاہی، اور تخلیق کے نئے اختیارات پیش کریں گی، اور توسیع شدہ دریا کنارے گزرگاہ نواحی علاقوں کو مربوط کرنے کے ساتھ جنوبی ٹرائے، شمالی مرکزی ٹرائے، اور اس سے بھی آگے کے علاقوں میں سرمایہ کاری کے لیے ایک واضح راستہ فراہم کرے گی۔

یہ سرمایہ کاریاں گورنر کی ریاست کے شمالی حصے کی معیشت کو بحال کرنے اور دارالحکومتی علاقے کے اندر مزید مواقع پیدا کرنے کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ DRI کی قیادت ریاستی محکمے کی جانب سے کی جاتی ہے جو تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے کیونکہ حصہ لینے والی ہر کمیونٹی ایک سٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرتی ہے جس میں ان مخصوص پروجیکٹس کی نشاندہی کی جاتی ہے جو ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے کے احیاء کے لیے ایک منفرد ویژن کے حامل ہوتے ہیں۔

DRI کے ذریعے فنڈ کیے جانے والے پروجیکٹس کمیونٹی کی سٹریٹیجک سرمایہ کاری کے منصوبے میں شامل متعدد اہداف اور حکمت عملیوں کی معاونت کرتے ہیں، جیسے کہ ثقافت و فنون کے منظر کا فروغ؛ گلی کے منظر کو لائقِ چہل قدمی، مربوط اور متحرک بنانے کی خاطر بہتری؛ ربط سازی و متحرک ہونا؛ رہائشی مواقع میں توسیع؛ اور کمیونٹی سروسز میں اضافہ۔ جیسے جیسے بحالی نو کا عمل آگے بڑھے گا اور رفتار پکڑے گا، تو DRI کے ذریعے ان پروجیکٹس میں 9.7$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری سرکاری اور نجی شعبے کی اضافی سرمایہ کاریوں میں مدد فراہم کرے گی۔

DRI کے ذریعے سرمایہ فراہم کردہ مخصوص پروجیکٹس میں درج ذیل شامل ہیں:

ثقافت و فنون کے منظر کا فروغ

امریکی تھیٹر کو کثیر المقاصد فنون کے مقام میں بحال کرنا - DRI تفویض $500,000
285-289 ریور سٹریٹ میں واقع 1920 کی دہائی کے دور کے خالی تھیٹر کو سینما، فنون، اور لائیو موسیقی کے مقام میں تبدیل کرنا جہاں سالانہ 200 تقریبات کی میزبانی کی جائے۔ نئے سرے سے تزئین و آرائش کردہ یہ تھیٹر علاقے کے اندر ثقافتی و تفریحی اختیارات میں توسیع کرتے ہوئے اندازاً 30,000 افراد کو ڈاؤن ٹاؤن کی طرف راغب کرے گا۔

تاریخی ہارٹ کلوئیٹ میوزیم میں سیاحوں کے تجربے میں بہتری لانا - DRI تفویض $380,000
میوزیم کی پیشکشوں میں توسیع کے لیے میوزیم کے کلیکشن کے تحفظ اور بیرونی تختے کے استعمال میں اضافے کی خاطر HVAC سسٹم کی تبدیلی۔ یہ پروجیکٹ ٹرائے اور رینسیلر کاؤنٹی کے ثقافتی ورثے کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ بنائے جانے کے عمل کو یقینی بنائے گا۔

ٹرائے پبلک لائبریری کی سال بھر کی گنجائش میں توسیع لانا - DRI تفویض $625,000
بالائے چھت لگا ہوا مکینیکل HVAC یونٹ شامل کرنا، ڈسٹری بیوشن پائپنگ کی تبدیلی، اور اندرونی سسٹمز کو اپ ڈیٹ کرنا، تاکہ موسمِ گرما کی وسیع تر پروگرامنگ کو فعال کر کے 100 سیکنڈ سٹریٹ میں موسمِ گرما کے مہینوں کے دوران ہوا کا بہتر معیار اور ٹھنڈی ہوا میسر ہو۔

منقش دیواروں اور پبلک آرٹ کے ذریعے ڈاؤن ٹاؤن کو مربوط کرنا - DRI تفویض $270,000
پبلک آرٹ سے عوامی مقامات کو جِلا بخشنا تاکہ فخر اور سرمایہ کاری کو لانے کا باعث بن سکیں اور سیاحوں کا خیرمقدم کر سکیں۔ اس پروجیکٹ کے ذریعے پورے ڈاؤن ٹاؤن میں پبلک آرٹ کی چھ مقامات پر متعدد تنصیبات کی جائیں گی، جس کے نتیجے میں عوام کے لیے ٹرائے سے وابستہ رہنے کی خاطر نئے تجربات تخلیق ہوں گے۔

گلی کے منظر کو لائقِ چہل قدمی، مربوط اور متحرک بنانے کی خاطر بہتری۔

مرینا نارتھ دریا کنارے گزرگاہ کی توسیع - DRI تفویض: $3,000,000
دریا کنارے گزرگاہ کی ٹریل میں ایک چوتھائی میل (یعنی جے سٹریٹ) تک اور ہُوسک سٹریٹ بریج تک توسیع۔ دریا کنارے گزرگاہ کا مرینا نارتھ پروجیکٹ متوقع طور پر سات میل تک وسعت پانے والی ایک ٹریل میں توسیع لاتے ہوئے، شمالی مرکزی اور لینسنگ برگ کے نواحی علاقوں کو سائیکل اور پیدل چلنے کے بہتر راستے فراہم کرے گا۔

کانگرس سٹریٹ کے داخلی راستے کو ڈاؤن ٹاؤن ٹرائے میں تبدیل کرنا - DRI تفویض: $1,000,000
پُل کے ذیلی راستوں کو ہٹا کر پُل اور ریور سٹریٹ کے ملاپ والے مقام کی دوبارہ تعمیر، تاکہ ایک ایسی بلارکاوٹ گزرگاہ کا قیام عمل میں آ سکے جو مرکزی ڈاؤن ٹاؤن کو جنوب مرکزی اور جنوبی ٹرائے سے بہتر طور پر مربوط کر سکے۔ پُل کی دوبارہ سمت بندی کے ذریعے، مستقبل کی رہائشی تعمیرات کے لیے اضافی قابلِ تعمیر جگہ فراہم ہو گی۔

ڈاؤن ٹاؤن اور دریا کنارے گزرگاہ کی تلاش اور برانڈنگ کا نفاذ - DRI تفویض $363,000

برانڈنگ اور میڈیا پر تشہیر کے حوالے سے شہری منصوبے کا نفاذ۔ برانڈنگ اور تلاش کے عمل میں سرمایہ کاری ڈاؤن ٹاؤن کو بڑی تعداد میں ناظرین کو دکھانے کے لیے کی جانے والی سٹریٹیجک سرمایہ کاریوں اور ان کے اثر زیادہ سے زیادہ کرنے کو یقینی بناتی ہے۔

تاریخی کینن عمارت کی تزئین و آرائش - DRI تفویض $200,000
5 براڈوے کے مونومنٹ سکوائر پر واقع سب سے پرانی عمارت کے بیرونی حصے کی بحالی۔ بحالی کے عمل کے بنیادی فوائد میں دوبارہ تعمیر کردہ پیدل گزرگاہوں پر پیدل چلنے والوں کی بہتر نقل و حرکت سمیت وسیع تر ڈاؤن ٹاؤں کے سامنے والے حصوں کی بحالی کا بصری تاثر شامل ہے۔

<u>رہائشی مواقع میں توسیع</u>

ٹیلر اپارٹمنٹس کی تعمیر نو کے پہلے مرحلے کی تکمیل - DRI تفویض: $1,600,000
دریا کنارے گزرگاہ کی بحالی نو (Revitalize Riverside) کے پروجیکٹ کے حصے کے طور پر 125 ریور سٹریٹ میں مستقل طور پر سستے اپارٹمنٹس کے تقریباً 141 یونٹس اور مخلوط استعمال سمیت کمیونٹی مقام کی تعمیر۔

<u>کمیونٹی سروسز میں اضافہ</u>

CEO کمیونٹی وسیلہ جاتی مرکز میں بیرونِ خانہ ایک نئے عوامی مقام کا قیام - DRI تفویض $262,000
کمیونٹی تقریبات اور سروسز کے لیے بیرونِ خانہ ایک محفوظ جگہ کی تعمیر، جس میں 2350 ففتھ ایوینیو پر ایک محفوظ بنایا گیا پبلک پویلیئن اور آرام کا کمرہ بھی ہو۔ یہ پروجیکٹ نئے توسیع کردہ CEO کمیونٹی وسیلہ جاتی مرکز کو مزید فروغ دے گا، جو کمیونٹی کو طفلی نگہداشت اور دیگر خاندانی معاونتی سروسز فراہم کرتا ہے۔

کیپیٹل روٹس میں نیٹ زیرو گرین ہاؤس ملازمتی تربیتی مرکز کی تعمیر - DRI تفویض: $1,500,000
2525 ففتھ ایوینیو میں نیٹ زیرو گرین ہاؤس سہولتی مرکز کی تعمیر، تاکہ عرصۂ دراز سے بیروزگار افراد کے لیے ملازمتی تیاری کے پروگرام کے سلسلے میں معاونت مل سکے۔ شمالی وسطی ٹرائے میں کیپیٹل روٹس اربن گرو سینٹر کی جانب سے پیش کردہ گرین ہاؤس کا قیام ملازمتی تربیت کو سروسز کی طویل فہرست میں شامل کرے گا۔

نیو یارک کے ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا، "ریاست کی اقتصادی بحالی کی کوششوں کے حصے کے طور پر، 10 $ ملین کی یہ گرانٹ ٹرائے کے تاریخی، متحرک اور چلنے کے قابل دریا کنارے گزرگاہ کے ڈسٹرکٹ کو مزید فروغ دے گی۔ ٹرائے کے ساحلی کنارے کی اہمیت اور مقامی ملکیت میں موجود متعدد چھوٹے کاروباروں، فنون، ریسٹورانوں، عوامی مقامات اور سستی رہائش کے ربط کار کے طور پر اس کے کردار کو تسلیم کرتے ہوئے، شہر آئندہ سالوں میں اپنے ثقافتی، رہائشی اور تجارتی ڈسٹرکٹ کو ایک جامع اقتصادی تحریک کار کی شکل دینے کا عمل جاری رکھے گا۔ ٹرائے شہر کو بہت مبارکباد اور میں ان پروجیکٹس کو پایہ تکمیل تک پہنچتے ہوئے دیکھنے کا منتظر ہوں"۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "جاری و ساری ایسی سرمایہ کاریوں کے باعث تاریخی ٹرائے شہر نشاۃِ ثانیہ کے دور سے گزر رہا ہے، جن کے ذریعے فنون، ثقافت، اور اس کے دریا کنارے پر مرتکز تفریحی مرکز کے طور پر اس شہر کا ایک نیا تصور قائم ہوا ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ہڈسن دریا پر موجود شہر کے مقام پر سرمایہ کاری کر رہا ہے، جبکہ چلنے کے قابل، تغیر پذیر اور ایک ایسے خیرمقدمانہ ڈسٹرکٹ کے قیام میں مشغول ہے، جو ایک بہتر بنیادی ڈھانچے اور سرسبز و شاداب مقامات کا حامل ہو گا، اپنی تاریخی تعمیرات کو محفوظ بنائے گا اور سیاحوں، رہائشیوں اور کاروباروں کی توجہ کا مرکز بنے گا۔"

ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas کا کہنا تھا کہ، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام نے ریاست بھر کی کمیونٹیز کو ایسے وسائل فراہم کیے ہیں جن سے مقامی ضروریات پوری کی جا سکیں، اور آج کے دن کی تفویضات اسی مقصد کو پورا کریں گی جبکہ ٹرائے کو گھر پکارنے والے ہر شخص کے لیے مزید بہت کچھ فراہم کریں گی۔ یہ 11 پروجیکٹس، بشمول HCR کی جانب سے مالی وسائل فراہم کردہ ٹیلر

اپارٹمنٹس، ٹرائے کی معاشی ترقی میں پیش رفت کی بنیاد بنیں گے اور وسیع ثقافتی مقام اور رہنے کے لیے ایک شاندار مقام کے طور پر شہر کی ساکھ کو بہتر بنائیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Neil Breslin نے کہا، "میں ٹرائے شہر سمیت تمام دارالحکومتی علاقے میں معیشت کی بحالی میں مدد دینے کے سلسلے میں گورنر Hochul کے جاری عزم کا معترف ہوں۔ ٹرائے شہر کے یہ 11 پروجیکٹس ہماری ماضی کی کامیابیوں کی بنیاد ہیں اور یہ ٹرائے کی مسلسل ترقی کو یقینی بنانے میں مدد دیں گے۔"

رکن اسمبلی John T. McDonald III کا کہنا تھا کہ، "DRI اپنی تشکیل کے مقصد کو بخوبی انداز میں پورا کر رہا ہے اور یہ مقصد ہماری کمیونٹیز میں مخصوص مراکز کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ سٹیک ہولڈز کے ساتھ کام کرنے والے ٹرائے شہر نے ایک ایسا منصوبہ پیش کیا ہے جو کمیونٹی کے تصورات اور ویژن کو منظم کرتا ہے اور انہیں حقیقت کا روپ دیتا ہے۔ یہ حقیقت تمام شہر اور ہمارے دارالحکومتی علاقے کے لیے بڑی کامیابی کا پیش خیمہ ہو گی۔"

ٹرائے شہر کے میئر Patrick Madden نے کہا، "یہ ٹرائے شہر کے لیے ایک شاندار خبر ہے، اور اس عمل میں شامل تمام افراد کے لیے یہ ایک بڑی کامیابی ہے۔ یہ DRI فنڈز نہ صرف ہمارے کاروباروں میں ایک سرمایہ کاری ہے، بلکہ یہ سستی رہائش، ہمارے گردوپیش کے ساتھ روابط مستحکم کرنے، ساحلی کنارے کی ربط سازی، اور افرادی قوت کے فروغ کے سلسلے میں ایک عزم ہیں۔ ہم مستقبل میں اس سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul سمیت ان تمام افراد کے شکرگزار ہیں، جنہوں نے درخواستیں جمع کروائیں اور DRI سٹیئرنگ کمیٹی میں معلومات کے حصول اور ان تجاویز کو جامع شکل دینے کے سلسلے میں خدمات انجام دیں۔ ہم 2023 میں ان پروجیکٹس کے افتتاح کے منتظر ہیں۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام
ریاست نیویارک DRI، جو اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور ہاؤسنگ تنوع کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI سے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418